AKD Securities Limited

August 3, 2026

The Executive Director,
Public Offering and Regulated Persons Department,
Securities Market Division,
Securities & Exchange Commission of Pakistan,
NIC Building, Jinnah Avenue, Blue Area,
Islamabad.

Basit Rehman Malik,
Chief Executive Officer,
Escorts Investment Bank Limited,
Ground Floor, 26 - Davis Road,
Lahore.

The General Manager,
Pakistan Stock Exchange Limited,
Stock Exchange Building, Stock Exchange Road,
Karachi.

Subject: Publication of Extension Period Notice - Public Announcement of Intention to Acquire up to 6.02% of the Issued & Paid-Up Share Capital and Control of Escorts Investment Bank

Dear Sirs,

With reference to captioned subject, a Publication of Extension Period Notice - Public Announcement of Intention has been published in "Business Recorder" and "Nawa-i-Waqt" on August 3, 2026, in accordance with regulation 6(5) of the Listed Companies (Substantial Acquisition of Voting Shares and Takeovers) Regulations, 2017.

Copies of newspaper publications are enclosed herewith.

For and on behalf of **AKD Securities Limited** (Manager to the Offer)

Regards,

For

Jawad Ahmed
Senior Associate – Investment Banking

Mohammad Imran Afzal
AVP – Investment Banking

TREC Holder: Pakistan Stock Exchange Limited,
Registered Broker: Securities & Exchange Commission of Pakistan
SSTN-S1500927-7 NTN - 1500927-7
Head Office : Suite-602, 6th Floor, Continental Trade Centre, Block 8, Clifton, Karachi, Pakistan.
UAN : (92-21) 111-253-111 FAX : (92-21) 35867992, 3586715 Email : info@akdsl.com

Stock Office Karachi:
Room No. 529, 5th Floor, Room Nos. 93-95, 2nd Floor,
Stock Exchange Building, Stock Exchange Road,
Karachi, Pakistan. Tel: +92 21 32426651-2

Karachi (North Nazimabad):
Plot # D-1, 2nd Floor, J.F. Plaza, North Nazimabad,
Karachi, Pakistan
Tel: +92 21 36630646-51

Islamabad:
Room No.302, 303, 3rd Floor, ISE Tower,
Jinnah Avenue, Islamabad, Pakistan.
UAN: +92 51 111 253 111

Lahore:
512, 513, 5th Floor, LSE Plaza,
19 Khayaban-e-Aiwan-e-Iqbal Road, Lahore. Pakistan.
UAN: +92 42 111 253 111

Abbottabad:
Office No.2, 2nd Floor, Zaman Plaza,
Main Mansehra Road, Abbottabad, Pakistan.
Tel: +92-992 414120-22

www.akdsl.com

For any queries regarding your account statement please call 111-253-253 or E-mail us: info@akdsl.com

Extension in Timeline for Public Announcement of Offer of up to 6.02% of the issued paid-up share capital and control of Escorts Investment Bank Limited

By

Mr. Kamran Malik and Mr. Sheikh Ali Baakza under the Securities Act, 2015 and Listed Companies (Substantial Acquisition of Voting Shares and Takeovers) Regulations, 2017

Further to the Public Announcement of Intention published on January 22, 2026 by Mr. Kamran Malik and Mr. Sheikh Ali Baakza **(the "Acquirers")** in relation to the acquisition of up to 6.02% of the issued paid-up share capital and control of **Escorts Investment Bank Limited,** the Acquirers are extending the initial time period for making a Public Announcement of Offer within 180 days by an additional period of 90 days in accordance with the Regulation 7(1) of the Listed Companies (Substantial Acquisition of Voting Shares and Takeovers) Regulations 2017 (the **"Regulations"**).

The Pakistan Stock Exchange Limited and Securities and Exchange Commission of Pakistan have accordingly been intimated of the extension in timeline in accordance with the provisions of the Regulations.

AKD Securities Limited

Manager to the Offer

نوائے وقت
شہرِ قائد

صبح صادق	04:27
فجر	5:30
ظہر	1:30
عصر	5:45
مغرب	07:21
عشاء	09:15

سندھ ترقی پسند پارٹی کی جانب سے احتجاجی مارچ

کراچی (این این آئی) سندھ ترقی پسند پارٹی (ایس ٹی پی) کی جانب سے اتوار کو ریگل چوک سے فوارہ چوک تک احتجاجی مارچ کیا گیا، جس میں پارٹی کارکنوں، مرد و خواتین اور رہنماؤں نے شرکت کی۔ احتجاجی مارچ کی قیادت پارٹی رہنماؤں انجاز سامٹیو، شاہد میمن، ریاض احمد جلبانی اور ولی ناریجو نے کی۔ شرکا نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے اور مختلف نعرے بھی لگائے۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے دعویٰ کیا کہ سندھ میں مقیم بعض افغان باشندے دہشت گردی کے واقعات میں ملوث ہیں۔ انہوں نے حکومت سے باقی صفحہ نمبر 06 پر

گلستانِ جوہر میں نوجوان کی ہلاکت
جائے وقوعہ سے مقتول کا موبائل فون برآمد، پستول نہیں مل سکا

میر رضا علی خان کے زیر استعمال پستول 30 بور کا، جبکہ مقتول کو سینے پر لگنے والی گولی بھی 30 بور صلاحیت کی تھی، فوٹیج منظر عام پر، تحقیقات میں اہم پیش رفت

مقتول کو اسلحہ گاڑی میں رکھتے اور بعد ازاں جائے وقوعہ کی جانب جاتے دیکھا گیا، حتمی حقائق فرانزک رپورٹ اور تفتیش مکمل ہونے پر ہی سامنے آئیں گے، حکام

کراچی (این این آئی) گلستان جوہر سے نوجوان میر رضا علی خان کی لاش ملنے کے واقعے کی تحقیقات میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ پولیس کو ہلاکت سے قبل کی سی سی ٹی وی فوٹیج موصول ہوئی ہے، جس میں نوجوان کی آخری نقل و حرکت ریکارڈ ہوئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق سی سی ٹی وی فوٹیج میں میر رضا علی خان کو رات 10 بج کر 43 منٹ پر ایک دراز سے اسلحہ نکال کر گاڑی میں رکھتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ بعد ازاں ایک اور فوٹیج میں انہیں صبح 4 بج کر 38 منٹ پر جائے وقوعہ سے کچھ فاصلے پر اکیلے جاتے ہوئے دیکھا گیا ہے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق میر رضا علی خان گھر سے آن لائن ٹیکسی کے ذریعے اس مقام تک پہنچا تھا، جہاں بعد میں یہ واقعہ پیش آیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جائے وقوعہ کے قریب سے مقتول کا موبائل فون برآمد کرلیا گیا ہے، تاہم اس کے زیر استعمال پستول تاحال نہیں مل سکا۔ پولیس ذرائع کے مطابق میر رضا علی خان کے نام پر کسی بھی اسلحے کا لائسنس یا رجسٹریشن ریکارڈ موجود نہیں ملا۔ ابتدائی شواہد سے معلوم ہوا ہے کہ لاپتہ پستول 30 بور کا تھا، جبکہ مقتول کو سینے پر لگنے والی گولی بھی 30 بور صلاحیت کی تھی۔ تحقیقاتی حکام کا کہنا ہے کہ جائے وقوعہ سے گولی کا کوئی خول بھی برآمد نہیں ہوا، جس کی روشنی میں مختلف پہلوؤں سے تفتیش جاری ہے۔ پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج، فرانزک شواہد اور دیگر دستیاب معلومات کی بنیاد پر واقعے کی مکمل تحقیقات شروع کردی ہیں، جبکہ حتمی حقائق فرانزک رپورٹ اور تفتیش مکمل ہونے کے بعد ہی سامنے آئیں گے۔

یوم شہدائے سندھ پولیس کے موقع پر کراچی میں "شہداء رن 2026ء" ریس کے شرکا ساحل سمندر سے آغاز کررہے ہیں

ایم کیو ایم پاکستان کا اجلاس مصطفیٰ کمال کی صدارت میں ہو رہا ہے

یومِ شہدائے سندھ پولیس "شہداء رن 2026" فاتحین میں انعامات تقسیم

سی ویو پر منعقدہ پانچ کلومیٹر ریس میں آئی جی سندھ سمیت اعلیٰ پولیس افسران، خواتین، نوجوانوں، بچوں سمیت 5 ہزار سے زائد شہریوں کی شرکت

مصطفیٰ کمال کا جشن آزادی تقریبات کے باقاعدہ آغاز کا اعلان

گورنر سندھ کا دارالسکون کا دورہ، خصوصی بچوں کے ساتھ وقت گزارا

معصوم بچوں کی محبت، خلوص اور مسکراہٹیں ایک ناقابلِ فراموش احساس ہیں، نہال ہاشمی

گورنر کی حاجی حنیف طیب کے گھر آمد، خیریت دریافت کی، صحت یابی پر مسرت کا اظہار

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے دارالسکون کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے خصوصی بچوں سے ملاقات کی، ان کے ساتھ خوشگوار وقت گزارا اور ان سے بے پناہ شفقت و محبت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر بچوں نے گورنر سندھ کو اپنے درمیان دیکھ کر والہانہ محبت کا اظہار کیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ ان معصوم بچوں کی محبت، خلوص اور مسکراہٹیں ان کے لیے ایک ناقابلِ فراموش احساس ہیں۔ بعد ازاں گورنر سندھ نے دارالسکون میں مرحوم ڈاکٹر فیصل ندیم کی یاد میں منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دارالسکون میں خدمات انجام دینے والی سسٹرز خصوصی بچوں کی جس محبت، ایثار، شفقت اور لگن کے ساتھ پرورش اور باقی صفحہ نمبر 06 پر

پولیس کے اعلیٰ افسران، اہلکاروں، سماجی شخصیات، بحیثیت خواتین، بچوں، نوجوانوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے کہا کہ سندھ پولیس کے دو ہزار سے زائد شہداء نے صوبے کے امن و امان کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جن کی قربانیاں پوری قوم کے لیے مشعل راہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ "شہداء رن" کا انعقاد اپنے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے اور ان کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھنے کا عملی اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ "شہداء رن" کا تیسرا سال ہے اور اس بار پانچ ہزار

نیشنل وومن لا کانفرنس 15 اگست کو آرٹس کونسل میں ہوگی

کراچی (این این آئی) جسٹس انٹرنیشنل پاکستان کے زیر اہتمام 9 ویں نیشنل وومن لا کانفرنس 15 اگست کو آرٹس کونسل کراچی میں منعقد ہوگی۔ کانفرنس کی تیاریوں کے سلسلے میں انتظامی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ممتاز شخصیات کو مدعو کرنے، مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے والی خواتین کو ایوارڈز دینے اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ جسٹس انٹرنیشنل باقی صفحہ نمبر 06 پر

وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ سے انجمنِ مسلمانانِ کلیانہ صدر کی ملاقات

برادری کو درپیش مختلف مسائل، فلاحی منصوبوں اور ترقیاتی اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال

اشتیاق بیگ نے اسکول کو کالج اور بعد ازاں یونیورسٹی سطح تک ترقی دینے کے منصوبے سے آگاہ کیا

کراچی (این این آئی) انجمن مسلمانان کلیانہ کے صدر اشتیاق بیگ نے سندھ کے وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ سے ملاقات کی، جس میں انجمن اور برادری کو درپیش مختلف مسائل، فلاحی منصوبوں اور ترقیاتی اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران قبرستان کی زمین پر مبینہ قبضے اور اس سے متعلق درپیش مسائل پر خصوصی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر زمین کے تحفظ اور مسئلے کے جلد اور مؤثر حل کے لیے مختلف تجاویز اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی غور کیا گیا۔ تعلیمی شعبے کی بہتری بھی ملاقات کا اہم موضوع رہی۔ صدر اشتیاق بیگ نے انجمن کے زیر انتظام اسکول کو مرحلہ وار کالج اور بعد ازاں یونیورسٹی کی سطح تک ترقی دینے کے منصوبے سے آگاہ کیا، جبکہ جدید تعلیمی سہولیات کی فراہمی اور ادارے کی مزید بہتری کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں انجمن مسلمانان کلیانہ کے ایسے افراد، جو کرائے کے مکانات میں رہائش پذیر ہیں، ان کے لیے کم لاگت باقی صفحہ نمبر 06 پر

مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 4 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

نیو کراچی، کورنگی اور چل میں کارروائیاں، زخمی اسپتال منتقل، پولیس نے تفتیش کا دائرہ وسیع کردیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں مبینہ پولیس مقابلوں کے دوران چار ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا، جبکہ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے مزید تحقیقات کا آغاز کردیا ہے۔ ریسکیو اور ایدھی ذرائع کے مطابق نیو کراچی سیکٹر 11-سی/ون کے قریب مبینہ پولیس مقابلے کے دوران ایک ملزم زخمی ہوگیا، جسے پولیس نے گرفتار کرنے کے بعد فوری طور پر طبی امداد کے لیے قریبی اسپتال منتقل کردیا۔ ادھر کورنگی کے علاقوں ابراہیم حیدری اور کورنگی نمبر 6 کے علاوہ چل کے علاقے غازی گوٹھ میں بھی الگ الگ مبینہ پولیس مقابلے پیش آئے، جہاں کارروائیوں کے دوران مزید تین ملزمان زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔ ریسکیو ذرائع نے بتایا باقی صفحہ نمبر 06 پر



انجمن مسلمانان کلیانہ کے صدر اشتیاق بیگ سندھ کے وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ سے ملاقات کررہے ہیں

جمیل عثمان کے افسانے حقیقت سے قریب تر ہیں، محمود شام

اخلاق احمد و دیگر کا پریس کلب میں جمیل عثمان کے افسانوی مجموعوں کی تعارفی تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) کراچی پریس کلب میں امریکا میں مقیم ممتاز افسانہ نگار، شاعر، صحافی، کالم نگار، مترجم اور ادیب جمیل عثمان کے دو افسانوی مجموعوں "نقش کہن" اور "نصف صدی کے قصے" کی تعارفی تقریب منعقد ہوئی، جس میں ملک کی معروف ادبی شخصیات نے شرکت کرتے ہوئے ان کے فن اور اردو ادب کے لیے خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب کی صدارت ممتاز صحافی، شاعر اور دانشور محمود شام نے کی، جبکہ معروف افسانہ نگار، صحافی، مترجم اور براڈکاسٹر اخلاق احمد مہمان خصوصی تھے۔ تقریب میں جاوید رسول جوہر، ندیم ہاشمی، عمیر علی انجم، گل بانو، تعبیر آغائی اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔ صدر تقریب محمود شام نے کہا کہ افسانہ اردو ادب کا گراں قدر سرمایہ ہے اور جمیل عثمان نے اپنی تخلیقات کے ذریعے اس صنف میں نہ صرف نمایاں اضافہ کیا بلکہ اسے نئی جہت بھی عطا کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمیل عثمان کے افسانے حقیقی زندگی کی عکاسی کرتے ہیں اور ان باقی صفحہ نمبر 06 پر

اقبال مارکیٹ میں پولیس مقابلہ، ایک ملزم گرفتار، ساتھی فرار

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ ویسٹ کے تھانہ اقبال مارکیٹ کی حدود سیکٹر 11½ میں رات گئے پولیس اور مبینہ ملزمان کے درمیان فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک ملزم کو گرفتار کرلیا گیا، جبکہ اس کے ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق دوطرفہ فائرنگ کے تبادلے کے بعد گرفتار ہونے والے ملزم کی شناخت دانش خان ولد اعظم کے نام سے ہوئی، جسے بغیر کسی زخمی ہوئے حراست میں لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم باقی صفحہ نمبر 06 پر

صدر ٹاؤن میں مون سون بارشوں کے پیش نظر رین ایمرجنسی نافذ، ہائی الرٹ

ملازمین کی چھٹیاں منسوخ، شہریوں کو فوری ریلیف فراہمی یقینی بنائیں گے، منصور احمد شیخ

کراچی (این این آئی) چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ نے مون سون بارشوں کے پیش نظر صدر ٹاؤن میں رین ایمرجنسی نافذ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ممکنہ ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے تمام متعلقہ عملے کو ہائی الرٹ کردیا گیا ہے، جبکہ ملازمین کی چھٹیاں بھی منسوخ کردی گئی ہیں۔ اتوار کو جاری بیان میں منصور احمد شیخ نے کہا کہ بارشوں کے دوران شہریوں کو فوری ریلیف کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری مستعدی سے انجام دیں اور کسی بھی شکایت پر فوری کارروائی کریں۔ انہوں نے بتایا کہ صدر ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں برساتی نالوں کی صفائی، کچرے اور دیگر رکاوٹوں کو ہٹانے کا عمل مکمل کرلیا گیا ہے تاکہ بارش کے پانی کی نکاسی میں کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام ضروری مشینری اور عملہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار باقی صفحہ نمبر 06 پر

آج سے 5 اگست تک بعض علاقوں میں پانی فراہمی متاثر، واٹر کارپوریشن

سپر مارکیٹ پولیس کی کارروائی، 3 منشیات فروش گرفتار، 168 گرام آئس برآمد

چہلم امام حسینؑ کی آمد کے موقع پر شپنگ کنٹینرز صدر کے علاقے میں رکھے ہوئے ہیں

منظور کالونی میں خواتین کو ہراساں کرنے والا ملزم گرفتار

بلوچ کالونی پولیس کی فوری کارروائی، ملزم کے قبضے سے اسلحہ برآمد، مقدمہ درج کرلیا گیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے منظور کالونی میں خواتین کو ہراساں کرنے، اسلحہ لہرانے اور ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزم کو ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد بلوچ کالونی پولیس نے گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت ناصر محمود خٹک کے نام سے ہوئی ہے، جس کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق 28 جولائی کو بچوں کے معمولی تنازع پر دو خواتین کے درمیان تلخ کلامی ہوئی تھی، جس کے دوران ناصر محمود خٹک موقع پر پہنچا اور معاملہ شدت اختیار کر گیا۔ تحقیقات کے مطابق ملزم نے مبینہ طور پر بخت بینا نامی خاتون کو تشدد کا نشانہ بنایا، خواتین کے خلاف نازیبا اور غیر اخلاقی زبان استعمال کی، اسلحہ لہرا کر انہیں ہراساں کیا اور علاقے میں ہوائی فائرنگ بھی کی، جس سے خوف و ہراس پھیل گیا۔ واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد بلوچ کالونی پولیس نے فوری ایکشن لیتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا اور اس کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد کرلیا۔

فٹ پاتھ بھی تجاوزات کی زد میں آگئے، پیدل چلنے والوں کو مشکلات کا سامنا

بلدیاتی ادارے، ضلعی انتظامیہ و دیگر متعلقہ حکام تجاوزات کیخلاف بلاامتیاز کارروائی کریں، شہری

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں پیدل چلنے والوں کے لیے تعمیر کیے گئے فٹ پاتھ مختلف علاقوں میں تجاوزات کی زد میں آگئے ہیں، جس کے باعث شہریوں کو سڑک پر چلنے پر مجبور ہونا پڑ رہا ہے اور حادثات کے خطرات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ شہریوں کے مطابق فٹ پاتھ، جو محفوظ آمد و رفت اور منظم شہری منصوبہ بندی کا اہم حصہ سمجھے جاتے ہیں، اب متعدد مقامات پر دکانداروں، ریڑھی بانوں اور غیر قانونی پارکنگ کی نذر ہو چکے ہیں۔ مختلف علاقوں میں دکانوں کا سامان فٹ پاتھوں تک پھیلا ہوا ہے، جبکہ کئی مقامات پر ریڑھیوں، ہوٹلوں کی کرسیاں، چولہے، موٹر سائیکلیں اور گاڑیاں فٹ پاتھوں پر کھڑی ہونے کے باعث پیدل چلنے والوں کے لیے گزرنا دشوار ہو گیا ہے۔ شہریوں کے مطابق خواتین، بزرگ افراد، بچوں اور خصوصی افراد کو سب سے زیادہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، کیونکہ انہیں فٹ پاتھ نہ ہونے کی وجہ سے ٹریفک کے باقی صفحہ نمبر 06 پر

بوٹ بیسن پولیس اسٹیشن میں ہنگامہ آرائی، مقدمہ درج، 3 خواجہ سرا گرفتار

تھانے میں گھس کر توڑ پھوڑ، سیف سٹی کیمروں اور گاڑیوں کو نقصان پہنچانے کا الزام، 8 افراد نامزد

کراچی (این این آئی) کراچی کے بوٹ بیسن تھانے میں مبینہ طور پر ہنگامہ آرائی، چھڑاؤ اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے کے الزام میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، جبکہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تین خواجہ سراؤں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق چند روز قبل پیش آنے والے واقعے کا مقدمہ سرکاری مدعیت میں درج کیا گیا ہے۔ اس واقعے سے قبل اسسٹنٹ کمشنر کی ہدایت پر گداگری ایکٹ کے تحت چند بھکاریوں کو حراست میں لیا گیا تھا۔ پولیس کا مؤقف ہے کہ حراست کے دوران ایک خواجہ سرا کی ناک سے خون آیا، جسے بعد ازاں تشدد کا رنگ دینے کی کوشش کی گئی۔ پولیس حکام نے کہا کہ واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے اور شواہد کی روشنی میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔

جامع مسجد و امام بارگاہ حیدری میں عشرہ اربعین مجالس آج سے شروع

مولانا اسد اقبال خطاب کریں گے۔ منتظمین کے مطابق 19 صفر کو مجلس کے بعد شب بیداری کا بھی اہتمام کیا جائے گا، جس میں دستہ امامیہ مغل ہزارہ، انجمن معرفت ایمان اور سنگت امام موسیٰ کاظم کے اراکین نوحہ خوانی اور ماتم داری کریں گے۔

قیوم آباد سے اغوا ہونے والی 9 سالہ بچی حیدرآباد سے بازیاب، اہلخانہ کے حوالے

واقعے میں ملوث مرکزی ملزم عادی پیشہ ور گداگر ہے، گرفتاری کے لیے پولیس کی کارروائیاں جاری

بچی گزشتہ ماہ چھٹیاں گزارنے اپنی نانی کے گھر قیوم آباد آئی ہوئی تھی، ذرائع

سے گزشتہ ماہ اغواء ہونے والی 9 سالہ بچی کو پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بحفاظت بازیاب کرالیا، جبکہ واقعے میں ملوث مرکزی ملزم کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جارہے ہیں۔ ایس ایس پی ساؤتھ کے مطابق بچی کو 17 جولائی کو قیوم آباد سے اغواء کیا گیا تھا، جس کے بعد پولیس نے مقدمہ درج کرکے تفتیش کا آغاز کیا اور مختلف پہلوؤں سے تحقیقات کیں۔ جدید تفتیشی طریقوں اور خفیہ معلومات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے بچی کو حیدرآباد کے ایک مقام سے بحفاظت برآمد کرلیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق ابتدائی تحقیقات میں سامنے آیا ہے کہ واقعے میں ملوث مرکزی ملزم غفار پیشہ ور گداگر ہے، جس کی گرفتاری کے لیے پولیس کی کارروائیاں جاری ہیں۔ ملزم کی تلاش میں مختلف مقامات پر چھاپے مارے جارہے ہیں اور امید ہے کہ اسے جلد گرفتار کرلیا جائے گا۔ پولیس کے مطابق بازیاب ہونے والی بچی کا تعلق لاہور سے ہے اور وہ گرمیوں کی تعطیلات کے دوران اپنی نانی کے گھر قیوم آباد آئی ہوئی تھی، جہاں سے اسے اغواء کرلیا گیا تھا۔ پولیس حکام نے کہا کہ بچی بحفاظت اپنے اہل خانہ کے حوالے کردی گئی ہے، جبکہ اغواء کے محرکات اور ملزم کے ممکنہ ساتھیوں سے متعلق تحقیقات کا دائرہ مزید وسیع کردیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق واقعے میں ملوث تمام عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

5 اگست کو یوم سیاہ، پی ٹی آئی کا سندھ بھر میں احتجاج کا اعلان

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے 5 اگست کو "یوم سیاہ" کے موقع پر سندھ بھر میں احتجاجی مظاہروں کا اعلان کرتے ہوئے کارکنوں اور عوام سے بھرپور شرکت کی اپیل کی باقی صفحہ نمبر 06 پر

جمہوری حکومتوں کی برطرفی کی کہانی

سندھ کی وحدت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، سردار عبدالرحیم

تقسیم کا ہر منصوبہ مسترد، عوامی مسائل حل کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے

اقبال مارکیٹ میں سرچ آپریشن، متعدد افراد کی بائیو میٹرک تصدیق

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس ... پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ ... ہوئے تھانہ اقبال باقی صفحہ نمبر 06 پر

راشد منہاس روڈ پر حادثے کے بعد کار سوار کا ہنگامہ، جارحانہ رویے کی ویڈیو وائرل

دوسری گاڑی کی چابی نکالنے، شہریوں سے تلخ کلامی اور دھمکیاں دینے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر گردش کرنے لگی

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے راشد منہاس روڈ پر معمولی ٹریفک حادثے کے بعد کار سوار کے مبینہ جارحانہ رویے کی ویڈیو منظر عام پر آگئی، جس میں اسے دیگر شہریوں سے تلخ کلامی کرتے اور دھمکیاں دیتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ عینی شاہدین کے مطابق دو گاڑیوں کے درمیان معمولی تصادم کے بعد ایک مشتعل شخص نے دوسری گاڑی کو رکوا لیا، اس کی چابی نکالی اور ڈرائیور سے سخت لہجے میں بحث شروع کردی۔ اسی دوران ایک شہری نے معاملہ افہام و تفہیم سے حل کرانے کی کوشش کی، تاہم مشتعل شخص اس سے بھی الجھ پڑا۔ شاہدین کے مطابق کار سوار نے بعد ازاں ایک اور گاڑی کو روکا اور شہریوں کو دھمکیاں دیتے ہوئے کہا، "بلاؤ، کس پولیس کو بلانا ہے؟" جس سے موقع پر موجود افراد میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ واقعے کے دوران سفید رنگ کی گاڑی میں سوار مذکورہ شخص کی تمام حرکات ایک نوجوان نے اپنے موبائل فون سے ریکارڈ کر لیں۔ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد شہریوں نے واقعے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی اور سڑکوں پر جارحانہ رویہ اختیار کرنے والے افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔ تاحال پولیس کی جانب سے اس واقعے کے حوالے سے کوئی باضابطہ بیان جاری نہیں کیا گیا، تاہم ویڈیو منظر عام پر آنے کے بعد متعلقہ حکام سے واقعے کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا جارہا ہے۔